# ماڈیول ۸

## حدیث نمبر 7

## دین خیر خواہی کا نام ہے

حدیث نمبر سات میں نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ دین خیر خواہی کا نام ہے۔ جب صحابہ نے دریافت کیا کہ یہ خیر خواہی کس کے لیے ہے، تو آپ نے فرمایا: اللہ کے لیے، اس کی کتاب کے لیے، اس کے رسول کے لیے، مسلمانوں کے حکمرانوں کے لیے، اور عام مسلمانوں کے لیے۔

## ابورقیہ کا مختصر تعارف

ابورقیہ تمیم بن اوس الداری ایک مشہور صحابی ہیں۔ ان کا اصل نام تمیم تھا، والد کا نام اوس اور قبیلے کا نام الداری تھا۔ کنیت ابورقیہ ان کی بیٹی رقیہ کے نام پر تھی۔ یہ اصل میں نصرانی تھے اور فلسطین کے رہنے والے تھے۔ مدینہ منورہ آکر اسلام قبول کیا اور 40 ہجری کے قریب واپس فلسطین چلے گئے، جہاں ان کا انتقال ہوا۔

خیر خواہی: معنی اور اہمیت

اللہ کے ساتھ خیر خواہی کا مطلب یہ ہے کہ اس کی وحدانیت کا اقرار کیا جائے اور جو عبادات کی جائیں، وہ خالص اسی کی رضا کے لیے ہوں۔ کتاب اللہ کے ساتھ خیر خواہی یہ ہے کہ قرآن پر ایمان لایا جائے، اسے سمجھ کر پڑھا جائے، اس پر عمل کیا جائے، اور اس کی حفاظت کی جائے۔ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ خیر خواہی کا مطلب یہ ہے کہ ان پر مکمل ایمان لایا جائے، ان سے محبت کی جائے، اور ان کی سنت کو اپنایا جائے۔

مسلمانوں کے حکمرانوں کے ساتھ خیر خواہی یہ ہے کہ ان کی اطاعت کی جائے جب تک وہ قرآن وسنت کے خلاف نہ ہوں، اور ان کے لیے خیر کی دعا کی جائے۔ قانون کی پاسداری کرنی چاہیے، مگر اسی حد تک جو شریعت کے خلاف نہ ہو، اور حکمرانوں پر تنقید نہیں کرنی چاہیے۔ عام مسلمانوں کے ساتھ خیر خواہی یہ ہے کہ ان کے ساتھ وہی سلوک کیا جائے جو اپنے لیے پسند ہو، ان کے ساتھ نیکی، انصاف، اور ہمدردی کا برتاؤ رکھا جائے، اور اگر وہ مشورہ طلب کریں تو انہیں سچائی اور دیانتداری کے ساتھ مشورہ دیا جائے۔

## حدیث نمبر 8

## حرمتِ مسلم

حدیث نمبر آٹھ میں نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے اس وقت تک قتال کروں جب تک وہ اللہ کی وحدانیت، میری رسالت کی گواہی نہ دے دیں، نماز قائم نہ کریں اور زکوٰۃ ادا نہ کریں۔ جب وہ یہ اعمال انجام دیں گے، تو ان کی جان و مال محفوظ ہو جائیں گے، سوائے ان مواقع پر جب شریعت کے مطابق ان پر حد جاری کرنا واجب ہو۔

یہ حدیث مسلمانوں کی جان، مال اور عزت کی حفاظت کی اہمیت کو واضح کرتی ہے۔ جب کوئی مسلمان دین کے ارکان کو پورا کرتا ہے، تو اس کی جان اور مال کا احترام واجب ہو جاتا ہے۔ البتہ، اگر کوئی زنا کرے، ناحق قتل کرے یا مرتد ہو جائے، تو اس پر حکمران کے ذریعے حدود نافذ کی جائیں گی۔

## حدیث نمبر 9

## تکلیف بقدری استطاعت اور کثرت سوال سے ممانعت

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "جس چیز سے میں تمہیں منع کروں، اس سے دور رہو، اور جس چیز کا میں تمہیں حکم دوں، اس پر اپنی استطاعت کے مطابق عمل کرو۔ کیونکہ تم سے پہلے کے لوگ اپنے انبیاء کے ساتھ بہت زیادہ سوال کرنے اور ان کی مخالفت کرنے کی وجہ سے ہلاک ہو گئے۔"

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا تعارف

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا اصل نام عبدالرحمن بن صخر ہے۔ آپ کا تعلق دوس قبیلے سے تھا، جو ایک مشہور قبیلہ ہے اور یمن میں آباد تھا۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے 7 ہجری میں مدینہ آکر اسلام قبول کیا اور اس کے بعد تقریباً 3 سے 4 سال تک نبی کریم ﷺ کے ساتھ لازم رہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے سب سے زیادہ احادیث روایت کرنے والے صحابی تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے 57 ہجری میں وفات پائی۔ اس حدیث میں واضح کیا گیا ہے کہ ممنوعات سے ہر حال میں پرہیز کرنا واجب ہے، اور جو امور واجب کیے گئے ہیں، ان میں انسان اپنی طاقت کے مطابق عمل کرے۔

نبی کریم ﷺ نے فضول اور بے مقصد سوالات کرنے سے منع فرمایا، خاص طور پر وہ سوالات جو کسی فائدے کے بغیر ہوں۔ سابقہ امتوں کی ہلاکت کی ایک وجہ یہی تھی کہ انہوں نے بے جا سوالات کیے اور اپنے انبیاء کی مخالفت کی، جس کی وجہ سے وہ عذاب کا شکار ہوئیں۔ لہٰذا، ہمیں بھی چاہئے کہ بے فائدہ سوالات اور انبیاء کی نافرمانی سے بچیں اور جو کچھ بتایا گیا ہے، اس پر قناعت کریں۔

## Hadith number 7

## Deen Khair khwahi Ka Naam Hai

Abu Raqiyyah رضي الله عنه se riwayat hai kay Nabi Kareem ﷺ ne farmaya ke deen khairkhwahi ka naam hai. Jab Sahaba ne poocha ke yeh khairkhwahi kis ke liye hai, to aap ne farmaya: Allah ke liye, uski kitaab ke liye, uske Rasool ke liye, Musalmanon ke hukmaranon ke liye, aur aam Musalmanon ke liye.

## Abu Raqiyyah رضي الله عنه ka Mukhtasir Taaruf

Abu Raqiyyah Tamim Ibn Aws Ad-Dari رضي الله عنه ek mashhoor sahabi hain. In ka asal naam Tamim tha, walid ka naam Aws aur qabeelay ka naam Ad-Dari tha. Kuniyyat *Abu Raqiyyah* un ki beti Raqiyyah ke naam par thi. Yeh asal mein Nasrani the aur Filastin ke rehnay walay the. Madinah Munawwarah aakar Islam qubool kiya aur 40 Hijri ke qareeb wapas Filastin chale gaye, jahan in ka inteqaal hua.

## Khair Khwahi: Ma'ni aur Ahmiyat

Allah ke saath khairkhwahi ka matlab yeh hai ke uski wahdaniyat ka iqraar kiya jaye aur jo ibaadaat ki jayein, wo khalis usi ki raza ke liye hon. Kitaab Allah ke saath khair khwahi yeh hai ke Quran par imaan laya jaye, usay samajh kar parha jaye, us par amal kiya jaye, aur uski hifazat ki jaye. Rasool Allah ﷺ ke saath khairkhwahi ka matlab yeh hai ke un par poora imaan laya jaye, un se mohabbat ki jaye, aur unki sunnat ko apnaya jaye.

Musalmano ke hukmaranon ke saath khair khwahi yeh hai ke unki itaat ki jaye jab tak wo Quran o Sunnat ke khilaaf na hon, aur un ke liye khair ki dua ki jaye.Qanoon ki pasdari karni chahiye, magar ussi had tak jo shariyat ke khilaaf na ho, aur hukmarano par tanqeed nahi karni chahiye.

Aam Musalmanon ke saath khairkhwahi yeh hai ke un ke saath wahi sulook kiya jaye jo apne liye pasand ho, un ke saath neki, insaf, aur hamdardi ka bartao rakha jaye, aur agar wo mashwara talab karein to unhein sachai aur imandari ke saath mashwara diya jaye.

## Hadith number 8

## Hurmati Muslim

Hazrat Umar رضي الله عنه se riwayat hai kay Nabi Kareem ﷺ ne farmaya ke mujhe hukm diya gaya hai ke main logon se is waqt tak qitaal karoon jab tak wo Allah ki wahdaniyat, meri risalat ki gawahi na de dein, namaz qayam na karein aur zakat ada na karein. Jab wo yeh aamaal anjaam

denge, to unki jaan o maal mehfooz ho jayein ge, siwai un mauqo par jab shariat ke mutabiq un par had jari karna wajib ho.

Yeh hadees Musalmanon ki jaan, maal aur izzat ki hifazat ki ahmiyat ko wazeh karti hai. Jab koi Musalman deen ke arkan ko poora karta hai, to uski jaan aur maal ka ehteram wajib ho jata hai. Albata, agar koi zina kare, na-haq qatal kare ya murtad ho jaye, to us par hukmaran ke zariye hudood naafiz ki jayengi.

## Hadith number 9

## Takleef Ba Qadr-e-Istitaat Aur Kasrat-e-Sawal Se Mamaniat

Abu Hurairah رضي الله عنه se riwayat hai kay Nabi Kareem ﷺ ne farmaya “Jis cheez se main tumhe mana karoon usse door raho, aur jis cheez ka main tumhe hukm doon us par apni istita’at ke mutabiq amal karo. Kyunki tumse pehle ke log apne anbiya ke saath bohot ziada sawal karne aur unki mukhalifat karne ki wajah se halaak hue."

## Abu Hurairah رضي الله عنه ka Taaruf

Abu Hurairah ka asal naam Abdur Rahman ibn Sakhr hai. Aap ka ta’luk Daus qabeela se tha, jo ek mashhoor qabeela hai aur Yemen mein abad tha. Abu Hurairah رضي الله عنه ne 7 Hijri mein Madina aakar Islam qubool kiya aur iske baad takreeban 3 se 4 saal tak Nabi Kareem ﷺ ke saath laazim rahe.Ap رضي الله عنه Nabi Kareem ﷺ se sabse ziada ahadith riwayat karne wale sahabi the.

Is hadees mein wazeh kiya gaya hai ke mamnooaat se har haal mein parheiz karna wajib hai, aur jo umoor wajib kiye gaye hain, un mein insaan apni taqat ke mutabiq amal kare.

Nabi Kareem ﷺ ne fazool aur be-maqsad sawalaat karne se mana farmaya, khaaskar wo sawalaat jo kisi faiday ke baghair hon. Sabiqa ummaton ki halakat ki ek wajah yeh thi ke unhon ne be-ja sawalaat kiye aur apne anbiyya ki mukhalfat ki, jis ki wajah se wo azaab ka shikaar huein.
Lihaza, humein bhi chahiye ke be-fayda sawalaat aur anbiyya ki nafarmaani se bachen aur jo kuch bataya gaya hai, us par qana'at karen.